## سبی ریلوے اسٹیشن پر بم دھماکے کے واقعہ پر جناب الطاف حسین کا اظہار مذمت

## گورنر، وزیراعلیٰ اور صوبائی وزیر داخلہ بلوچستان سبی ریلوے اسٹیشن بم دھماکہ کا فوری نوٹس لیں

## اس میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کر کے قانون کے مطابق سزا دی جائے

## واقعہ میں جاں بحق وزخمی ہونے والے افراد سے جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔28 جون، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سبی ریلوے اسٹشین پر بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بم دھماکے کے نتیجے میں متعدد افراد کے جاں بحق و زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ سفاک دہشت گرد اپنے مذموم مقاصد کے حصول کیلئے معصوم بے گناہ عوام کو آگ وخون میں نہلا کر ملک کو انارکی کا شکار کرنا چاہتے ہیں جو ملک وقوم کی بقا سلامتی کیلئے بڑا خطرہ ہے۔انہوں نے بم دھماکہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین۔ جناب الطاف حسین نے گورنر، وزیر اعلیٰ اور صوبائی وزیر داخلہ بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ سبی ریلوے اسٹشین بم دھماکہ کا نوٹس لیں اور ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کر کے قانون کے مطابق سزا دی جائے اور، عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ جناب الطاف حسین نے بم دھماکہ میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ٹھٹھہ کے ساحلی علاقے سے درگاہ پر حاضری کیلئے جانے والے زائرین کی کشتی الٹنے کے نتیجے میں متعدد افراد کے ڈوب کر جاں بحق ہونے پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔27، جون 2012ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ٹھٹھہ کے ساحلی علاقے سے درگاہ پر حاضری کیلئے جانے والے زائرین کی کشتی دنداری کے قریب الٹنے کے نتیجے میں متعدد افراد کے ڈوب کر ہلاک ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے ڈوب کر ہلاک ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ڈوب کر ہلاک ہونے والے افراد کے درجات بلند فرمائے، مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## جناب الطاف حسین نے جلسہ پیغام محبت میں جو نعرے لگائے ان میں خلوص، مٹھاس اور سچائی تھی، رابطہ کمیٹی

## جلسہ پیغام محبت میں بھرپور تعداد میں شرکت کر کے اسے عظیم الشان کامیابی سے ہمکنار کرانے پر

## پختون، ہزارے وال اور ہندکو عوام سے دلی تشکر کا اظہار

کراچی:۔۔۔27، جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کے زیراہتمام جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ہونیوالے جلسہ ''پیغام محبت'' میں پختون، ہزارے وال اور ہندکو نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین کی کثیر تعداد میں شرکت نے ثابت کر دیا ہے کہ تمام مظلوم قومیتیں آپس میں پیار، محبت، امن اور بھائی چارے سے رہنا چاہتی ہیں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک بھر کی تمام مظلوم قومیتوں کے حقوق کے حصول کی جدوجہد کر رہے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ مظلوم قومیتوں سمیت تمام مذاہب کے عوام اپنے حقوق کے حصول کیلئے ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ومنظم ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے جلسہ ''پیغام محبت'' میں جس محبت سے پختون مہاجر بھائی بھائی، ہزارے وال مہاجر بھائی بھائی کے نعرے لگائے ان نعروں میں خلوص، مٹھاس اور سچائی تھی اور ان نعروں نے بھائی کو بھائی سے لڑانے کی سازشوں کو بے نقاب کر دیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے جلسہ ''پیغام محبت'' جلسہ عام میں بھرپور تعداد میں شرکت کر کے اسے عظیم الشان کامیابی سے ہمکنار کرانے پر پختون، ہزارے وال اور ہندکو کو نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین سے دلی تشکر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جلسہ پیغام محبت کی تاریخ ساز کامیابی حقوق کے حصول کی جدوجہد میں اہم سنگ میل ثابت ہوگی۔

## وزیراعظم نے وفاقی وزیرفاروق ایچ نائیک کودہری شہریت بل کے سلسلے میں جو ہدایت دی ہے وہ نیک اوراچھااقدام ہے، رابطہ کمیٹی

## رابطہ کمیٹی، وزیراعظم کے اس اقدام کا خیرمقدم کرتی ہے

## وزیراعظم پاکستان دہری شہریت کے ساتھ لوڈشیڈنگ، مہنگائی، بے روزگاری سمیت امن وامان پر بھی ایسے اقدامات کرے اورعوام کے اعتماد کو بحال کریں

لندن:۔۔۔27، جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ وزیراعظم نے وفاقی وزیرفاروق ایچ نائیک کودہری شہریت کے بل کے سلسلے میں جو ہدایت دی ہے وہ نیک اور اچھا اقدام ہے، وزیراعظم کے اس اقدام کا رابطہ کمیٹی خیرمقدم کرتی ہے اورامید کرتی ہے کہ وزیراعظم پاکستان دہری شہریت کے ساتھ ملک میں لوڈشیڈنگ، مہنگائی، بے روزگاری سمیت امن وامان پر بھی ایسے اقدامات کرکے عوام کے اعتماد کو بحال کریں گے۔

## ایم کیوایم لاڑکانہ زون کے کارکن دیدارعلی ابڑو کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہارِافسوس

لندن:۔۔۔27، جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لاڑکانہ زون یونٹ ایف کے کارکن دیدارعلی ابڑو کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِرحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## کارکن دیدارعلی ابڑو کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہارِتعزیت

کراچی:۔۔۔27، جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لاڑکانہ زون یونٹ ایف کے کارکن دیدارعلی ابڑو کے انتقال پرافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## سندھ صحافت سنگت کے وفد کی خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیزآباد میں رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔27/جون 2012ء

سندھ صحافت سنگت پر مشتمل سندھ کے صحافیوں کے نمائندہ وفد نے بدھ کے روزخورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیزآباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اشفاق منگی، گلفراز خان خٹک، رکن رابطہ کمیٹی اورشعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل سے ملاقات کی اورانہیں سندھ میں صحافیوں کودرپیش مسائل سے آگاہ کیا۔اس موقع پرحق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ ہیرا اسماعیل سوہو، متحدہ سوشل فورم کے انچارج لونگ خان چنہ واراکین کمیٹی بھی موجود تھے۔مہمان وفد نے رابطہ کمیٹی کو بتایا کہ عدم توجہی کے باعث اندرون سندھ کے صحافی مسائل کے شکار ہیں جس کے باعث اس سے وابستہ صحافیوں میں شدید مایوسی پھیل رہی ہے۔وفد نے 20 نکاتی مسائل پررابطہ کمیٹی کی توجہ مبذول کرائی اوردرخواست کی کہ ایم کیوایم سندھ کی دوسری بڑی جماعت ہے جو ان کے مسائل کے حل اورصحافیوں میں پائی جانیوالی مایوسیوں کے خاتمے کیلئے حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی کے ذریعےآوازاٹھائی جائے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے سندھ صحافت سنگت کے وفد کی آمد کا زبردست خیرمقدم کیا اورانہیں ایم کیوایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم صحافی برادری کے پوری طرح ساتھ ہے اوران کے مسائل کے حل کیلئے ہرفورم پرآوازاٹھاتی رہے گی۔بعدازاں وفد کوقائد تحریک کی رہائش گاہ نائن زیروسمیت ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کاتفصیلی دورہ بھی کرایا گیا اورانہیں ایم کیوایم کے تنظیمی کاموں سے آگاہی فراہم کی گئیں۔

## حق پرست MLA راجہ اعظم نے گلگت بلتستان کے وزیر برائے ہاؤسنگ و پلاننگ کا حلف اٹھالیا

## گورنر ہاؤس گلگت بلتستان میں حلف برداری کی پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا

گلگت:۔۔۔۔۔27، جون2012ء

گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے منتخب حق پرست ایم ایل اے راجہ اعظم نے وزیر ہاؤسنگ اینڈ پلاننگ کا حلف اٹھالیا۔اس سلسلے میں گزشتہ روز حلف برداری کی پروقارتقریب گورنر ہاؤس گلگت بلتستان میں منعقد ہوئی جہاں گلگت بلتستان کے گورنر پیر کرم علی شاہ نے راجہ اعظم سے حلف لیا۔تقریب میں صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن حسین شاہ،گلگت زون کے انچارج ہدایت علی واراکین زونل کمیٹی نے شرکت کی۔بعدازاں صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن حسین شاہ،گلگت زون کے انچارج ہدایت علی واراکین زونل کمیٹی نے راجہ اعظم کووزارت کا قلمدان سنبھالنے پر انہیں قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کی۔اس موقع پرنومنتخب وزیر نے تقریب سے گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ وہ جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ کے مطابق عوام کی بلاتفریق خدمت کیلئے اپنی تمامترصلاحیتوں کو بروئے کارلائیں گے۔

☆☆☆☆☆